© rasailojaraid.com



قابلِ داد اور لائق تحسین ہے کہ اس نے معزز مہمان کے ان مذہبی و شرعی حدود و قیود کی پوری رعایت رکھی اور عظیم الشان استقبال و ضیافت کے پروگراموں میں کوئی ایسی چیز نہیں ہونے دی جو مہمانِ گرامی قدر کے لئے وجہ گرانی ہوتی۔ یہاں سے رخصت ہوتے وقت عالی جاہ میزبان و مہمان میں جو سلام و پیام کا تبادلہ ہوا ہے اس نے عرب و ہند کی محبت و دوستی پر مہر تصدیق ثبت کر دی ہے جو دونوں ملکوں کے مستقبل کے لئے بڑی ہی نیک اور اچھی فال ہے۔ زندہ باد عرب و ہند کی دوستی!

---

افسوس ہے مولانا حافظ محمد اسلم جیراجپوری بھی جو علم و ادب کی صبح بہار کا ایک آخری جلوہ گریز پا تھے۔ ہم سے بچھڑ گئے اور اس خاکدانِ آب و گل کو خیر آباد کہہ کر رہ گزائے عالم آخرت ہو گئے۔ مرحوم ہماری بزم علم و ثقافت کے دورِ پیشین کی یادگار تھے۔ ایک زمانہ میں اُن کے مضامین و مقالات کا بڑا چرچا تھا باقاعدہ اور وسیع المطالعہ عالم تھے۔ ان کی تالیفات میں تاریخ الامت جو چھوٹی چھوٹی کئی جلدوں میں ہے اس کو بڑی شہرت و مقبولیت حاصل ہوئی۔ اس کے علاوہ چند ادبی اور تنقیدی مضامین اور سوانحی تالیفات بھی ان کی یادگار ہیں۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ کے اولین معماروں اور بانیوں میں سے تھے اور آخر اسی کی خدمت کرتے کرتے جان جان آفریں کو سپرد کر دی۔ قرآن مجید کے ساتھ بڑا عشق اور شغف تھا اس کے وہ حافظ بھی تھے اور بڑی پابندی سے روز اس کی تلاوت کرتے تھے۔ نہایت سادہ زندگی بسر کرتے تھے۔ راقم الحروف کو جب کبھی ان کے ہاں چار پینے کا اتفاق ہوا ہے کبھی ایسا نہیں ہوا کہ چار کی تمام پیالیاں صحیح و سالم پائی ہوں۔ بڑے قناعت پسند۔ گوشہ نشین۔ شہرت سے نفور اور حد درجہ متواضع اور منکسر المزاج بزرگ تھے۔ جس سے جو وضع تھی بہر حال نباہتے تھے۔ حدیث کے بارہ میں ان کا جو مسلک تھا اس کے باوجود ہم ارباب ندوۃ المصنفین کے ساتھ ان کے تعلقات بڑے شگفتہ تھے اور وہ کبھی بھی ملاقاتوں میں اس طرح کی بحث نہیں اُٹھاتے تھے۔ یہ وضعداری اور شرافت۔ یہ مروت اور خوش خلقی اب عنقا ہوتی جاتی ہے۔ اب آئندہ ایسے لوگ کہاں ملیں گے۔ اللہ تعالیٰ ان کو غریق رحمت فرمائے اور ان کو مغفرت و بخشش کی نعمتوں سے سرفراز کرے۔ آمین۔

---

ہند کے محبوب وزیر اعظم نے گذشتہ مہینہ حیدر آباد میں اردو ہال کا افتتاح کرتے ہوئے اور پھر پارلیمنٹ میں حد بندی کمیشن کی رپورٹ پر تقریر کرتے ہوئے اردو کی نسبت جن زریں خیالات و جذبات کا اظہار کیا ہے اس پر اردو زبان کے ہر قدردان کو خوش ہونا اور موصوف کا شکریہ ادا کرنا چاہیئے کہ ایک وزیر اعظم کی آواز خود حکومت کی آواز ہے اور اس سے یہ صاف ظاہر ہوتا ہے کہ اردو کے بارہ میں حکومت کا نقطہ نظر کیا ہے۔ رہی اس نقطہ نظر کی عملی تشکیل تو اس میں شبہ نہیں کہ فضا جتنی سازگار آج ہے پہلے نہیں تھی اور جو بادل اب تک چھائے ہوئے تھے وہ رفتہ رفتہ چھٹ رہے ہیں۔ لیکن فضا میں جتنی سازگاری پیدا ہوتی جاتی ہے اردو والوں کے فرائض و واجبات اسی قدر زیادہ ہوتے جاتے ہیں اُردو کے مسئلہ کے حل کا اصل انحصار خود اہلِ اردو کی کوششوں اور ان کے عزم و ہمت پر ہے۔



© rasailojaraid.com